20واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز سوموار 20 جنوری 2025

## فہرست غیر نشان زدہ سوالات اور جوابات

**(زیر قاعدہ 51)**

## بابت

## محکمہ لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

## بروز جمعتہ المبارک 17 جنوری 2025

# بروز جمعتہ المبارک 6 ستمبر 2024 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کی احکامات کی روشنی میں زیر التواء سوال

## لاہور: واہگہ ٹاؤن گلی نمبر 35 ڈی یو سی 37 کی ٹوٹ پھوٹ سے متعلق تفصیلات

**283: محترمہ راحیلہ خادم حسین:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گلی نمبر D-35 یو سی 37 پی پی 150 واہگہ ٹاؤن لاہور ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ گلی میں جگہ جگہ کھڈے پڑے ہوئے ہیں بارش کے موسم میں ان کھڈوں میں پانی کھڑا ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے آئے دن حادثات ہوتے ہیں اس گلی کی تعمیر کروانے کا ارادہ ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 27 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 29 اپریل 2024)

### جواب

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ**

(الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ گلی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔

(ب) مذکورہ گلی کا سروے کر کے تخمینہ لاگت مبلغ 5.270 ملین تیار کر دیا گیا ہے۔ فنڈز کی فراہمی پر مذکورہ گلی کو تعمیر کر دیا جائے گا۔ لاہور ریویمپنگ پلان (Revamping Plan) میں شامل کر دیا گیا ہے۔ جس کی تفصیل و تخمینہ لاگت کی کاپی تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 22 اگست 2024)

## پاکپتن میں ایڈورٹائزنگ بورڈ سے متعلق تفصیلات

**46: چوہدری جاوید احمد:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) بلدیہ پاکپتن میں ایڈورٹائزنگ بورڈز کتنے ہیں؟

(ب) بلدیہ کے بورڈز کن کن ٹھیکیداروں کو سال یکم جنوری 2015 سے جنوری 2024 تک دیئے گئے ہیں اور بلدیہ پاکپتن کو ہر سال کتنی آمدن ہو رہی ہے۔

(ج) بلدیہ کے بورڈز کہاں کہاں نصب ہیں اور ان کے سائز کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 04 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 10 مئی 2024)

### جواب

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ**

(الف) حدود بلدیہ پاک پتن میں 128 بورڈز ہیں۔

(ب) بورڈز ہائے کی تفصیل تتمہ 'الف' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

جبکہ بلدیہ کو اوسط سالانہ 20 لاکھ وصولی ہو رہی ہے۔

(ج) بورڈز ہائی کی تنصیب کے مقام اور ان کے سائز کی تفصیل تتمہ الف ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## لاہور: پی پی 150 میں چھوٹی کھوئی چوک روڈ کی تعمیر و مرمت سے متعلق تفصیلات

*277: محترمہ راحیلہ خادم حسین: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی پی 150 لاہور چھوٹی کھوئی چوک سے اللہ تو کل روڈ شاہ گوہر پیر چوک تک روڈ ٹھوٹ پھوٹ کا شکار ہے اور جگہ جگہ گڑھے پڑ چکے ہیں جس کی وجہ سے آئے روز حادثات ہو رہے ہیں وضاحت بیان فرمائی جائے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ سابقہ دور حکومت میں اس روڈ کا سروے ہو چکا ہے اور فنڈ بھی رکھا تھا لیکن ابھی تک اس سڑک کو بنایا نہیں گیا وجہ بیان فرمائی جائے۔

(ج) کیا حکومت اس سڑک کو بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو وجوہات بیان فرمائی جائے۔

(تاریخ وصولی 27 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 29 اپریل 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) یہ درست ہے کہ یہ روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔

(ب) یہ درست ہے کہ سروے کر کے تخمینہ لاگت تیار کر دیا تھا۔ لیکن فنڈز مہیانہ کئے جانے کی وجہ سے سڑک کی تاحال مرمت نہ ہو سکی ہے۔

(ج)مذکورہ سڑک کا نئے ریٹس پر تخمینہ مبلغ 44.615 ملین تیار کر دیا گیا ہے۔اور اس کو لاہور ریویمپنگ پلان کے تحت مکمل کروادیا جائے گا۔ جس کی تفصیل و تخمینہ لاگت کی کاپی تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 29 اکتوبر 2024)

لاہور: پی پی 165 رائیونڈ سٹی سے ملحقہ قبرستان کیلئے وقف رقبہ سے متعلق تفصیلات

*334: جناب احمر بھٹی: کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)حلقہ پی پی 165 رائیونڈ سٹی لاہور سے ملحقہ سرکاری طور پر کتنے قبرستان ہیں اوران کے لیے کتنا رقبہ وقف کیا گیا ہے؟

(ب) کیا یہ وقف رقبہ قبرستان کے لیے عوام کی ضرورت کو پورا کر رہا ہے۔

(ج) کیا حکومت سرکاری قبرستان کے لیے مزید زمین خریدنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر جواب ہاں میں ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 02 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 14 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) حلقہ پی پی 165 میں کل 06 قبرستان ہیں جن کا کل رقبہ 107 کنال بنتا ہے۔

(ب) قبرستان بابادولہ مولہ، عطائے مصطفٰی، حویلی ابردین اور حکماں والہ میں ابھی نصف سے زیادہ گنجائش باقی ہے جبکہ ریلوے قبرستان اور بابارحمت علی شاہ قبرستان میں مزید کسی گور کی گنجائش نہ ہے جس کے لیے نئے قبرستان بنانے کے لئے زمین کی ضرورت ہے۔

(ج) مزید قبرستان بنانے کے لیے حکومت اپنی ترجیحات کے تحت اور فنڈز کی دستیابی پر غور کر سکتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## کمالیہ میونسپل کمیٹی میں ملازمین کی تعداد، عہدہ و گریڈ سے متعلق تفصیلات

*353: محترمہ آشفہ ریاض: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کمالیہ میونسپل کمیٹی کی حدود میں کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں ان کے عہدہ مع گریڈ بتائیں؟

(ب) صفائی کے لیے کتنے ملازمین تعینات ہیں اور ان کے نام، عہدہ اور جگہ کی تفصیل فراہم کریں اور ان کے انچارج صاحبان کے نام و عہدہ سے آگاہ فرمائیں۔

(ج) کتنے ملازمین مستقل ہیں اور کتنے عارضی کام کر رہے ہیں عارضی ملازمین کب سے تعینات ہیں کیا ان کو باقاعدگی سے تنخواہ ادا کی جارہی ہے۔

(د) ان ملازمین کو کیا کیا سہولیات میسر ہیں۔

(ہ) کیا مزید ملازمین کی ضرورت ہے اگر ہاں تو یہ کب تک فراہم کر دیئے جائیں گے۔

(تاریخ وصولی 18 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 15 مئی 2024)

### جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) میونسپل کمیٹی کمالیہ میں ٹوٹل 193 افسران و ملازمین کام کر رہے ہیں جن کے عہدہ و گریڈ کی تفصیل تتمہ 'الف' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) صفائی کے لیے ٹوٹل 126 ملازمین تعینات ہیں۔ نام و عہدہ اور جگہ کی تفصیل، انچارج صاحبان کی تفصیل تتمہ 'ب' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) عملہ صفائی پر ٹوٹل 126 ملازمین تعینات ہیں جن میں سے مستقل 90 ہیں جبکہ 36 ملازمین بطور "پرمانٹ ورک مین" تعینات ہیں۔ کوئی عارضی ملازم تعینات نہ ہے اور تمام تعینات ملازمین کو ماہانہ تنخواہ کی ادائیگی بذریعہ بنک اکاونٹس کر دی جاتی ہے۔

(د) حکومت پنجاب کی پالیسی و قواعد کے مطابق تمام سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔
(ہ) مزید ملازمین کی ضرورت ہے اور اس ضمن میں عرض ہے کہ حکومت پنجاب کی مجوزہ پالیسی کے طریقہ کار کے مطابق خالی اسامیوں پر بھرتی کےِ عمل کو مکمل کیا جائے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

صادق آباد ٹی ایم اے میں شہر کی صفائی کے لیے عملہ سے متعلق تفصیلات

*358: جناب سجاد احمد: کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ٹی ایم اے صادق آباد میں شہر کی صفائی کے لیے کتنا عملہ ہے مستقل عارضی اور ڈیلی ویجز ملازمین کی تعداد عہدہ جات اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل بیان فرمائیں۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ صفائی کا زیادہ تر عملہ افسران اور مقامی سیاسی شخصیات کی ذاتی ڈیوٹی پر مامور ہے۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ شہر کی صفائی پر مامور عملہ ناکافی ہے اور کافی زیادہ عملہ کی ضرورت ہے۔

(د) شہر کی صفائی کی ضرورت کے پیش نظر حکومت مزید عملہ بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو اس کے لیے کیا اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اگر جواب نفی میں ہے تو وجوہات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 18 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 15 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) میونسپل کمیٹی صادق آباد 252 میں مستقل سینٹری ورکر کی پوسٹیں موجود ہیں۔ جس میں 199 پوسٹوں پر سینٹری ورکرز کام کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ 30 عدد سینٹری ورکرز بطور ڈیلی ویجز گورنمنٹ آف پنجاب کے حکم کے مطابق ہر ماہ رضاکارانہ طور پر ضرورت کے مطابق رکھے جاتے ہیں۔

(ب) یہ بات بالکل درست نہ ہے کیونکہ میونسپل کمیٹی صادق آباد کو پہلے سے ہی عملہ کی کمی کا سامنا ہے۔

(ج) جی یہ بات درست ہے کیونکہ عرصہ دراز سے سینٹری ورکروں کی تعیناتی نہ ہوئی ہے اور پرانا عملہ میں سے کافی لوگ ریٹائر ہو چکے ہیں اور شہر کی آبادی میں روز بروز اضافہ ہو تا جا رہا ہے۔

(د) صوبائی حکومت کی ہدایت پر محکمہ بلدیات نے صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے صوبہ بھر کی تمام میونسپل کمیٹیز کے لیے جدید مشینری خریدنے کے لئے تحرک کیا ہوا ہے۔ جس میں مزید بہتری لانے کے لیے ساما(Services and Asset Management Agreement معاہدے کے تحت اس کو پنجاب کی تمام تحصیلوں میں مرحلہ وار Out Source کیا جا رہا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## صادق آباد ٹی ایم اے میں صفائی کے لیے مشینری اور گاڑیوں سے متعلق تفصیلات

*359: جناب سجاد احمد: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) TMA صادق آباد کے پاس صفائی کے نظام کے لیے کون کون سی مشینری اور گاڑیاں ہیں تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) TMA صادق آباد کے لیے یہ مشینری اور گاڑیاں کب اور کتنے میں خرید کی گئیں ہیں۔

(ج) کیا یہ درست ہے کہ صادق آباد شہر میں صفائی کے نظام کے لیے موجود مشینری بالکل ناکافی ہے۔

(د) کیا حکومت مذکورہ ٹی ایم اے کو صفائی کا نظام بہتر بنانے کے لیے مزید جدید مشینری فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو وجوہات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 18 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 15 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) سیور جیٹنگ 1 عدد، سیور سکشن 1 عدد، بیلاروس ٹریکٹر و فرنٹ بلیڈ لوڈر 1 عدد، جانڈیر ٹریکٹر بمعہ لوڈر 1 عدد، میسی 375 لوڈر 1 عدد، 8 عدد ٹریکٹر، 6 عدد ٹرالی، 1 عدد وپنچ مشین، 13 عدد رکشہ جات۔

(ب) اس سے متعلق تمام تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) جی یہ بات درست ہے کہ موجودہ مشینری بہت پرانی ہو چکی ہے اور حالیہ وقت کیلئے نہ کافی ہے۔

(د) صوبائی حکومت کی ہدایت پر محکمہ بلدیات نے صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے صوبہ بھر کی تمام میونسپل کمیٹیز کے لیے جدید مشینری خریدنے کے لئے تحرک کیا ہوا ہے۔ جس میں مزید بہتری لانے کے لیے ساما(Services and Asset Management Agreement معاہدے کے تحت اس کو پنجاب کی تمام تحصیلوں میں مرحلہ وار Out Source کیا جا رہا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

لیہ پی پی 281 میں میونسپل کمیٹیز میں سٹاف سے متعلق تفصیلات

*374: جناب شعیب امیر: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 281 میں 2 میونسپل کمیٹیاں ہیں لیکن دونوں میں چیف آفیسر نہیں ہیں۔

(ب) ان میونسپل کمیٹی چوک اعظم اور چوبارہ میں چیف آفیسر نہ ہونے کی وجہ سے گلیاں کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہیں کب ان میونسپل کمیٹی کا سٹاف پورا کیا جا رہا ہے اور چوبارہ میونسپل کمیٹی کے صفائی کے آلات کب پورے کیے جا رہے ہیں۔

(تاریخ وصولی 18 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 15 مئی 2024)

## جواب

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ**

(الف) محکمہ لوکل گورنمنٹ کے ایڈمنسٹریٹو یونٹ میں آفیسران کی کمی کے باعث میونسپل کمیٹی چوک اعظم اور چوبارہ مستقل بنیادوں پر چیف آفیسر کی تعیناتی نہ کی جاسکی ہے تاہم افتخار بنگش چیف آفیسر ضلع کونسل لیہ کو مورخہ 26.10.2023 سے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی چوبارہ کا اضافی چارج (Additional Charge) دیا ہوا ہے۔

(ب) سید سبطین حیدر بخاری جو میونسپل کمیٹی لیہ میں مورخہ 09.10.2023 سے تعینات تھے اور اضافی چارج بطور چیف آفیسر چوک اعظم مورخہ 12.10.2023 سے کام کر رہے تھے حال ہی میں ان کا تبادلہ مورخہ 28.08.2024 کر دیا گیا ہے۔ فی الحال میونسپل کمیٹی چوبارہ کا اضافی چارج افتخار بنگش کو دیدیا گیا ہے۔ حکومت پنجاب کی ہدایت پر محکمہ بلدیات نے حال ہی میں پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے 34 چیف افسران، 20 میونسپل افسران پلاننگ، 17 میونسپل افسران (فنانس) اور 41 میونسپل افسران (I&S) کی بھرتی کے عمل کو مکمل کیا ہے۔ ان افیسران کی جلد از جلد فیلڈ میں تعیناتی کر دی جائے گی (کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

مزید براں محکمہ بلدیات نے صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے صوبہ بھر کی تمام میونسپل کمیٹیز کے لیے جدید مشینری خریدنے کے لئے تحرک کیا ہوا ہے۔ جس میں مزید بہتری لانے کے لیے ساما (Services and Asset Management Agreement) معاہدے کے تحت اس کو پنجاب کی تمام تحصیلوں میں مرحلہ وار Out Source کیا جا رہا ہے۔

میونسپل کمیٹی چوبارہ کے پاس صفائی کے جو آلات موجود ہیں اور جو آلات خریدنے کا ارادہ رکھتی ہے ان کی تفصیل تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)</u>

## پاکپتن پی پی 195 کے دیہات جمن شاہ باہوالہ میں سیوریج کے نظام سے متعلق تفصیلات

*375: جناب عمران اکرم: کیاوزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی پی 195 پاکپتن کے دیہات جمن شاہ باہوالہ وغیرہ میں سیوریج کا نظام انتہائی ناگفتہ بہ ہے جبکہ متعلقہ ایڈمنسٹریٹر یونین کونسل ذمہ داری سے انکاری ہیں کہ یہ ضلع کونسل کی ذمہ داری ہے۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ جب ضلع کونسل سے اس سلسلہ میں دریافت کیا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ یہ متعلقہ یونین کونسلز کی ذمہ داری ہے لہذا بتایا جائے کہ اصل ذمہ داری ہے کس کی؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ پی پی 195 کے اکثر دیہاتوں میں سیوریج لائن کو اکھاڑنے اور بلاک کرنے کے واقعات سامنے آئے ہیں اس کی روک تھام کے لیے حکومت کیا اقدامات اٹھارہی ہے تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 19 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 16 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) جی ہاں یہ بات درست ہے کہ حلقہ PP-195 پاکپتن کے مذکورہ دیہات جمن شاہ، باہووالہ وغیرہ میں محکمہ پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے سیوریج سسٹم مکمل کرنے کے بعد CBO / یوزر کمیتی کے حوالے کر دیا تھا۔ جس کی تمام دیکھ بھال / نگرانی یوزر کمیٹی کر رہی ہے جبکہ ڈسٹرکٹ کونسل پاکپتن اربن یونین کونسل قبولہ کے سیوریج سسٹم کی دیکھ بھال اور نگرانی کر رہی ہے اس ضمن میں عرض ہے کہ دیہات جمن شاہ، باہوالہ کا سیوریج سسٹم ابھی تک متعلقہ CBO / یوزر کمیٹی سے LG&CD ڈیپارٹمنٹ لیٹر نمبر No.SO.MC.Dev(LG)9-81/2023 مورخہ 22.03.2018 کی روشنی میں ڈسٹرکٹ کونسل پاکپتن کو (Hand Over) نہ ہوا ہے۔

(ب) اس بابت عرض ہے کہ جمن شاہ، باہوالہ وغیرہ کا سیوریج سسٹم محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے سال 2021اور 2016 میں مکمل کرنے کے بعد متعلقہ /CBO یوزر کمیٹی کے سپرد ہے۔

(ج) PP-195 کے اکثر دیہاتوں کا سیوریج سسٹم محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ نے مکمل کیا ہے جو متعلقہ /CBO یوزر کمیٹی کے سپرد ہے۔ ڈسٹرکٹ کونسل پاکپتن PP-195 کی اربن یونین کونسل جسکی آبادی تقریباً 30000 نفوس پر مشتمل ہے۔ اس کے تمام ڈسپوزل / سیوریج سسٹم کی دیکھ بھال اور نگرانی کر رہی ہے بصورت سیوریج لائن اکھارے جانے اور بلاک ہونے کی شکایت پر ڈسٹرکٹ کونسل کی جانب سے فوری سدباب کیا جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

ٹوبہ ٹیک سنگھ: بلدیاتی اداروں کی طرف سے محکمہ سول ڈیفنس کی دی جانے والی رقم سے متعلق تفصیلات

*389: جناب امجد علی جاوید: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تمام بلدیاتی ادارے ایک خاص شرح سے رقم محکمہ سول ڈیفنس کو ادا کرنے کے پابند ہیں؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہے تو یہ رقم کس شرح سے ادا کی جاتی ہے۔

(ج) یہ کہ 2020 سے 2024 بلدیہ ٹوبہ ٹیک سنگھ نے ہر سال کتنی رقم اس مد میں ادا کی سال وائز تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(تاریخ وصولی 19 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 16 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022 میں کوئی شق (سیکشن) موجود نہ ہے جس کے تحت محکمہ سول ڈیفنس کو خاص شرح سے بجٹ میں رقم مختص کر کے ادائیگی کی جائے۔

(ب) سوال کے اس حصے کی وضاحت جز "الف" میں بیان کر دی گئی ہے۔

(ج) سال 2020 سے 2024 تک بلدیہ ٹوبہ ٹیک سنگھ نے محکمہ سول ڈیفنس کو کوئی ادائیگی نہ کی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

لاہور: شادباغ اور باغبانپورہ میں کوڑے کے ڈھیر سے متعلق و دیگر تفصیلات

* 451: محترمہ راحیلہ خادم حسین: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ شادباغ اور باغبانپورہ میں کوڑے کے ڈھیر جابجا پھیلے ہوئے ہیں۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ چائنہ سکیم میں مسجدوں، کالجز اور ڈسپنسریوں کے باہر کوڑے کے ڈھیر جابجا پھیلے ہوئے ہیں۔

(ج) باغبانپورہ بازار میں کوڑے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔

(د) کیا حکومت ان مقامات سے کوڑے کے ڈھیر اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے نہیں تو وجہ بیان فرمائی جائے۔

(تاریخ وصولی 23 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 20 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) جی نہیں! یہ درست نہیں ہے لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، لاہور کی صفائی کے لیئے دن رات ڈبل شفٹ میں کام کر رہی ہے۔ جس علاقہ کی نشاندہی کی گئی ہے اس میں UC-45، اور Zone-6 شالیمار

ٹاؤن (شادباغ کا علاقہ آتا ہے) وہاں پر 02عدد منی ڈمپر ز، 01عدد کمپیکٹر اور 01عدد چین آرم رول، 0.8 کیوبک میٹر والے 17 کنٹینر ز، 5 0 کیوبک میٹر والے 3 کنٹینر ز موجود ہیں اور اس کے علاوہ 12عدد ہینڈ کارٹس اور 30۔ سینیٹری ورکرز کا عملہ روزانہ صفائی کرتا ہے۔۔ ثبوت کے طور پر شادباغ کے علاقہ کی تصاویر تتمہ ''الف'' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب).جی نہیں ! یہ درست نہیں ہے لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، لاہور کی صفائی کے لیے دن رات ڈبل شفٹ میں کام کر رہی ہے۔ جس علاقہ کی نشاندہی کی گئی ہے اس میں UC-161، UC-162 اور Zone-9B شالیمار ٹاؤن (چائنہ سکیم کا علاقہ آتا ہے) وہاں پر 04عدد منی ڈمپر ز، اور 04عدد چین آرم رول، 02۔عدد لوڈر ہیں۔ 03۔عدد ڈمپر ز 01۔عدد ٹریکٹر ٹرالی کا مکمل سیٹ کام کرتا ہے، اسکے علاوہ 05 کیوبک میٹر والے 46 کنٹینر ز موجود ہیں۔ یہاں 20۔عدد ہینڈ کارٹس اور 71۔ سینیٹری ورکرز کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر صفائی کرتا ہے۔ چائنہ اسکیم میں مینول سوپینگ بھی روزانہ کی جاتی ہے۔ چاینئہ ٹاؤن میں بہت سارے اوپن پلاٹس ہیں جس مویشیوں اور جانوروں کی بھرمار ہے جس کی وجہ سے صفائی میں دشواری پیش آتی ہے۔۔ ثبوت کے طور پر چائنہ ٹاؤن سکیم میں مسجدوں، کالجوں اور ڈسپنسریوں کے باہر صفائی کی تصاویر تتمہ ''ب'' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج).جی نہیں ! یہ درست نہیں ہے لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی لاہور کی صفائی کے لیئے دن رات ڈبل شفٹ میں کام کر رہی ہے۔ جس علاقہ کی نشاندہی کی گئی ہے اس میں UC-125، اور Zone-9A شالیمار ٹاؤن (باغبان پورہ کا علاقہ آتا ہے) وہاں پر 02۔عدد منی ڈمپر ز، 01۔عدد کمپیکٹر اور 01۔عدد آرم رول، 0.8 کیوبک میٹر والے 18 کنٹینر ز، 0 1 کیوبک میٹر والا 01 کنٹینر موجود ہیں اور اس کے علاوہ 0 1 ہینڈ کارٹس اور 25۔ سینیٹری ورکرز کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر صفائی

کرتا ہے۔۔ ثبوت کے طور پر باغبان پورہ بازار کی صفائی کی تصاویر تتمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) جی ہاں! یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ LWMC حکومت کی ہدایات پر روزانہ کی بنیاد پر لاہور شہر سے تقریباً 5,000 ٹن کوڑہ اٹھاتی ہے اور ان مذکورہ مقامات سے روزانہ تقریباً 70 ٹن کوڑہ اٹھا کر تمام علاقہ جات سے کوڑے کے انخلاء کو یقینی بنایا جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 22 اگست 2024)

فیصل آباد: میونسپل کمیٹیز اور تحصیل کونسلز میں اسامیوں سے متعلق تفصیلات

*463: جناب آفتاب احمد خاں: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع فیصل آباد میں میونسپل کمیٹیز، ٹاؤن کمیٹیز اور تحصیل کونسلز کی تعداد کتنی ہے؟

(ب) ان کمیٹیز میں منظور شدہ، پُر شدہ اور خالی اسامیوں کی تعداد بتائی جائے۔

(ج) کیا حکومت ان خالی اسامیوں پر بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو اس کی وجوہات بیان کی جائیں۔

(تاریخ وصولی 24 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 20 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) ضلع فیصل آباد میں موجود میونسپل کمیٹیز، ٹاؤن کمیٹیز اور تحصیل کونسلز کی تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ضلع فیصل آباد میں ضلع کونسلز، ٹاؤن کمیٹیز اور دیگر میونسپل کمیٹیز میں موجود کل اسامیوں کی تفصیل تتمہ " الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) جی ہاں حکومت ان خالی اسامیوں پر بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے صوبائی حکومت کی ہدایت پر محکمہ بلدیات نے حال ہی میں پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے 34 چیف آفسران، 20 میونسپل آفسران پلاننگ، 17 میونسپل آفسران (فنانس) اور 41 میونسپل آفسران (I&S) کی بھرتی کے عمل کو مکمل کیا ہے۔ مزید خالی آسامیوں پر بھرتی کرنے کے لیے صوبائی حکومت نے تحرک کیا ہوا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

---

راجن پور: پی پی 296 میں واٹر فلٹریشن پلانٹس سے متعلق تفصیلات

*468: سردار محمد اویس دریشک: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حلقہ پی پی 296 میں کس کس علاقے میں کتنے فلٹریشن پلانٹ لگائے گئے ہیں؟

(ب) ان میں سے کتنے پلانٹس فنکشنل اور کتنے نان فنکشنل ہیں۔

(ج) حکومت حلقہ ہذا میں مزید کتنے پلانٹس لگانا چاہتی ہے۔

(د) نان فنکشنل پلانٹس کو حکومت کب تک چالو کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل سے آگاہ کریں۔

(تاریخ وصولی 24 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 21 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) ڈسٹرکٹ کونسل راجن پور حلقہ پی پی 296 کے قصبہ مرغائی میں ایک عدد اور قصبہ کوٹلہ نصیر میں ایک عدد واٹر فلٹریشن پلانٹ تعمیر کرا رہی ہے جو کہ زیر تکمیل ہیں۔

(ب) دوعدد فلٹریشن پلانٹ زیر تکمیل ہیں۔ جو کہ ماہ جون 2024 میں مکمل ہو جائیں گے۔

(ج) ڈسٹرک کونسل راجن پور کو اس مد کیلیئے مختص فنڈز تاحال موصول نہ ہوئے ہیں اور آئندہ مالی سال کے بجٹ میں مذکورہ مد کیلیئے ادارہ ہذا کو فنڈز مہیا کیے گئے تو منظور شدہ ترجیحات کے مطابق پلانٹس نصب کیے جائیں گے۔

(د) گزارش ہے کہ حالیہ مون سون بارشوں کی وجہ سے پلانٹ ہائے کا کام مکمل نہ ہو سکا ہے۔ اب جوں ہی موسم کی شدت کم ہوتی ہے۔ کام مذکورہ ماہ ستمبر میں ہی مکمل کر دیا جائیگا۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

ضلع لیہ: ایم سی چوبارہ کا سال 24-2023 کا بجٹ اور ملازمین سے متعلق تفصیلات

*500: جناب شعیب امیر: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) MC چوبارہ ضلع لیہ کا سال 24-2023 کا بجٹ کتنا ہے یہ بجٹ کس کس مد میں فراہم کیا گیا ہے؟

(ب) ایم سی چوبارہ میں کتنے ملازمین ہیں اور کتنے سینٹری ورکرز ہیں اور کیا سارے ملازمین اپنی سرکاری ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں یا دیگر کسی غیر سرکاری ادارے یا اشخاص کے پاس ڈیوٹی دے رہے ہیں۔

(ج) ایم سی چوبارہ کے پاس کتنی گاڑیاں ہیں اور صفائی والی گاڑیاں کتنی ہیں ان گاڑیوں کے سال 24-2023 کے اخراجات مرمت اور تیل کے بتائیں۔

(تاریخ وصولی26 اپریل2024 تاریخ ترسیل23 مئی2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) میونسپل کمیٹی چوبارہ برائے سال23-2022 کا سیلری بجٹ46.475 ملین ہے۔ اور نان سیلری کا بجٹ55.284 ہے۔ٹوٹل بجٹ برائے سال23-2022کا101.760 ملین ہے۔

میونسپل کمیٹی چوبارہ برائے سال24-2023 کا سیلری بجٹ55.028 ملین ہے۔ اور نان سیلری کا بجٹ 58.508 ملین ہے۔ٹوٹل بجٹ برائے سال24-2023کا113.536 ملین ہے

سابقہ سکیم۔1.350 ملین ہے۔

سالانہ ترقیاتی پروگرام۔10.000 ملین ہے جو فی الوقت ترقیاتی کاموں کے لیے استعمال نہ ہوا ہے۔

مرمت وبحالی۔2.000 ملین ہے۔ بجٹ سمری کی کاپی برائے سال24-2023اور23-2022تفصیل تتمہ 'الف' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) میونسپل کمیٹی چوبارہ کی کل ملازمین کی تعداد49 ہے۔

آفس ملازمین۔25

واٹر سپلائی ملازمین۔4

سینٹری ورکرز۔20

تمام ملازمین اپنی متعلقہ سیٹوں پر کام کر رہے ہیں

(ج) میونسپل کمیٹی چوبارہ کی کل مشینری کی تعداد۔14عدد

1۔ٹریکٹر 02عدد

2۔ٹرالی 02عدد

3۔واٹر بوزر3عدد

4۔ڈی واٹرنگ سیٹ 03عدد

5۔پیٹرا نجن 01عدد

6۔لوڈر رکشہ 01عدد

7۔فرنٹ اینڈ بیک بلیڈ 01عدد

8۔باکٹ 01عدد

مشینر ی کاڈیزل وپٹرول برائے سال 24-2023 ۔ 8.5 ملین

1۔ تیل کے اخراجات۔5.474 ملین

2۔مشینری ومرمت کابجٹ 24-2023۔1.85 ملین

3۔مشینری ومرمت کی مد میں اخراجات۔1.246 ملین

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

سولڈ ویسٹ کو آؤٹ سورس کرنے اورڈمپنگ سے متعلق تفصیلات

*515: محترمہ حناء پرویز بٹ: کیاوزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)سولڈ ویسٹ کو قابل استعمال بناکر آؤٹ سورس کرنے کے پارے میں محکمہ کی پراگریس کے بارے میں آگاہ کیاجائے؟

(ب)صفائی مہم کے دوران درپیش مسائل سے حکومت کس طرح نبرد آزما ہے۔

(ج)ویسٹ کی ڈمپنگ اورواٹر ٹریٹمنٹ کے بارے میں پراگرس بتائی جائے۔

(تاریخ وصولی 26 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 23 مئی 2024)

جواب

وزیرلوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) سولڈ ویسٹ کو قابلِ استعمال بنانے کے لیئے LWMC نے ایک کمپوسٹ پلانٹ چلا رہی ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر تقریبا 200 ٹن کچرے کو ونڈ رو طریقے سے کھاد بنانے کے لیئے استعمال کر رہا ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف ڈسپوزل سائٹ پر بوجھ کو کم کر رہا ہے بلکہ آمدنی پیدا کرنے کا ذریعہ بھی ہے۔ LWMC کھاد کی پیداوار بڑھانے کے لیئے کمپوسٹ پلانٹ کی صلاحیت بڑھانے پر کام کر رہی ہے۔ مستقبل میں کمپوسٹ پلانٹ کو (PPP) پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت آؤٹ سورس کیا جا رہا ہے۔ LWMC نے اپنی پرانی ڈمپ سائٹ (محمود بوٹی) کو بند کر دیا تھا۔ ماحول پر اس کے مظہر اثرات کو کنٹرول کرنے کے لیئے پائیلٹ پیمانے پر مختلف اقدامات کیئے ہیں جن میں گیس کیپچرنگ اور سائٹ پر پودے لگانے شامل ہیں۔ حال ہی میں LWMC اور RUDA کے تعاون سے محمود بوٹی پر سولر پارک اور اربن فارسٹ بنانے کا معاہدہ دستخط ہو گیا ہے۔ یہ پراجیکٹ نہ صرف توانائی کے بحران سے نمٹ سکے گا بلکہ آمدنی کا ذریعہ بھی بنے گا۔ اور اس سے کاربن کریڈٹس بھی ملیں گے۔

(ب) LWMC حکومتِ پنجاب کی سربراہی لاہور کی صفائی کے فرائض سرانجام دے رہی ہے۔ یہ (03) فیلڈز ہیں جس میں حکومت کو صفائی میں مسائل درپیش ہیں۔

1۔ کنسٹرکشن اینڈ ڈیمولیشن مٹیریل کی کولیکشن: LWMC روزانہ کی بنیاد پر 4500 ٹن سالڈ ویسٹ اکٹھا کرتا ہے لیکن کنسٹرکشن مٹیریل، بلڈنگ مٹیریل اور سڑکوں کی توڑ پھوڑ کا ملبہ اٹھانا LWMC کی ذمہ داری نہیں ہے۔ متعلقہ ادارہ جب کمرشل بلڈنگ کی منظوری دیتا ہے تو اس بلڈنگ کے کنٹریکٹر سے بلڈنگ مٹیریل کی کولیکشن فیس بھی چارج کرتا ہے، تو یہ بلڈنگ کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہے کہ وہ بلڈنگ مٹیریل کو ٹھکانے لگائے۔

2۔ الیگل ڈمپنگ: LWMC سالڈ ویسٹ کلیکشن کے لیئے ڈیزائن کیا گیا ہے اور الیگل ڈمپنگ روک تھام کے لیئے LWMC مندرجہ ذیل اقدامات کر رہی ہے۔ (50) افراد پر مشتمل ٹیم اس کام کے لیئے مختص کی گئی ہے جو کہ الیگل ڈمپنگ کو روکنے کے لیئے روزانہ کی بنیاد پر جرمانے اور FIR's کر رہی ہے۔

3۔ اینیمل ویسٹ کولیکشن (Animal Waste Collection): لاہور کے مختلف رہائشی علاقوں میں مویشیوں کی موجودگی کی وجہ سے بہت سارہ اینیمل ویسٹ سڑکوں اور خالی پلاٹس میں جمع ہو جاتا ہے۔ جو کہ LWMC کی کارکردگی کو متاثر کررہا ہے۔ کئی ٹن اینیمل ویسٹ روزانہ کی بنیاد پر اٹھایا جاتا ہے۔ لاہور کی رہائشی کالونیوں سے مویشیوں کا اخراج یقینی بنایا جائے تا کہ LWMC سالڈ ویسٹ کے کام کو احسن طریقے سے انجام دے سکے۔

(ج) محمود بوٹی کی بندش کے بعد LWMC نے لکھوڈیر لاہور میں ایک نئ ڈسپوزل سائیٹ قائم کی اور اسے فعال کیا۔ اس سائٹ کو کنٹرول شدہ ماحول میں فضلہ ٹھکانے لگانے کے لیئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ جہاں ماحولیاتی تحفظات کو یقینی بنانے کے لیئے کچرے کو منظم طریقے سے پھینکا جاتا ہے اور مٹی سے ڈھانپ دیا جاتا ہے۔ LWMC اس سائٹ پر کچرے کو ٹھکانے لگانے کے نظام کو بہتر بنانے کے لیئے مسلسل پر عزم ہے۔ حال ہی میں LWMC اور RUDA کے تعاون سے محمود بوٹی پر سولر پارک اور اربن فارسٹ بنانے کا معاہدہ دستخط ہو گیا ہے۔ یہ پراجیکٹ نہ صرف توانائی کے بحران سے نمٹ سکے گا بلکہ آمدنی کا ذریعہ بھی بنے گا۔ اور اس سے کاربن کریڈٹس بھی ملے گے۔ جبکہ واٹر ٹریٹمنٹ متعلقہ ادارے کا کام ہے۔ سیکشن آفیسر (کمپنی)، لوکل گورنمنٹ سے موصولہ رپورٹ کولیکٹ مطابق باقی WMC,s جتنا کوڑا کولکٹ کرتی ہے ان کی تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

لاہور: میٹروپولیٹن کارپوریشن کی حدود میں واٹر فلٹریشن پلانٹس اور انکی دیکھ بھال سے متعلق تفصیلات

*568: محترمہ عظمیٰ کاردار: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) لاہور میٹروپولیٹن کارپوریشن کی حدود میں کتنے واٹر فلٹریشن پلانٹ ہیں ان کی تفصیل ٹاؤن وائز دی جائے؟

(ب)سال 2022 اور 2023 میں ان فلٹریشن پلانٹس کی دیکھ بھال اوراشیاءوفلٹر وغیرہ کی خرید پر کتنی رقم خرچ کی گئی۔

(ج)ان کی دیکھ بھال کے لئے کتنے ملازمین تعینات ہیں ان کے عہدہ مع گریڈ اور ماہانہ تنخواہوں کی تفصیل دی جائے۔

(د)اس وقت کتنے فلٹریشن پلانٹ عدم دیکھ بھال اور موٹر وغیرہ کی وجہ سے بند پڑے ہیں۔

(ہ) جو فلٹریشن پلانٹ جو بند پڑے ہیں ان کو چلانے کے لئے کون کون سا سامان درکار ہے اور یہ کب تک چالو کر دیئے جائیں گے۔

(تاریخ وصولی 29 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 30 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) میٹروپولیٹن کارپوریشن، لاہور کی حدود میں کل 81 عدد فلٹریشن پلانٹس موجود ہیں۔ جسکی ٹاؤن وائز تفصیل تتمہ 'الف' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) سال 2022 اور 2023 میں ان فلٹریشن پلانٹ کی دیکھ بھال اور دیگر امور پر کوئی رقم خرچ نہ کی گئی ہے۔ جبکہ داتا گنج بخش زون نے تقریباً 26 لاکھ روپے کی رقم اس مد میں خرچ کی ہے۔

(ج) ان پلانٹس کی دیکھ بھال کے لئے 66 عدد فلٹریشن پلانٹ آپریٹرز تعینات ہیں۔ جو کہ گریڈ 1 کے ملازم ہیں اور انکی ماہانہ تنخواہ بمطابق گورنمنٹ نوٹیفکیشن 37000 روپے ماہانہ ہے۔

(د) اس وقت کل 81 عدد فلٹریشن پلانٹس میں سے 24 عدد فلٹریشن پلانٹس بند پڑے ہیں۔

(ہ) ان فلٹریشن پلانٹس کی مرمت کے لئے مبلغ 84.169 ملین کا تخمینہ تیار کیا گیا ہے۔ فنڈز کی فراہمی پر ان فلٹریشن پلانٹس کو مرمت کروا کر چالو کر دیا جائے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## کیٹل مارکیٹ اتھارٹی کا سربراہ، پرائیویٹ کیٹل منڈیوں کی تعداد و آمدن سے متعلق و دیگر تفصیلات

*578: جناب امجد علی جاوید: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیٹل مارکیٹ اتھارٹی کا ہیڈ کون ہے اور اس عہدہ پر کب سے تعینات ہے اس کی تنخواہ اور مراعات کی تفصیلات پیش کی جائیں؟

(ب) صوبہ بھر میں پرائیویٹ افراد کی جانب سے کل کتنی منڈیاں قائم کی گئیں جن افراد اور فرموں کو یہ اجازت نامے جاری کئے گئے ان کے نام اور ایڈریس کے ساتھ تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ج) ان منڈیوں کے قیام سے سرکاری خزانے کو کتنی آمدن ہوئی۔

(د) کیٹل مارکیٹ اتھارٹی کا سالانہ بجٹ کتنا ہے۔

(تاریخ وصولی 29 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 31 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) پنجاب کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر تاثیر احمد (پی ایم ایس (ایکس-پی سی ایس)/بی ایس-19) ہیں۔ جو 10 جولائی 2023 سے اس عہدہ پر تعینات ہیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر اپنے مقررہ گریڈ بی ایس-19 کے تحت ہی تنخواہ اور سہولیات لے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ کمپنی سے کوئی اضافی تنخواہ یا الاؤنس نہیں وصول کر رہے۔

(ب) موجودہ قوانین کے مطابق کسی پرائیویٹ فرد کو مویشی منڈی قائم کرنے کی اجازت نہیں ہے اور نہ ہی ایسا کوئی اجازت نامہ آج تک کسی پرائیویٹ شخص کو جاری کیا گیا ہے۔

(ج) 1 جولائی 2020 میں جانوروں پر فیس لگانے کے بعد سے آج تک سرکاری خزانے کو 17,116.54 ملین روپے کی آمدن ہو چکی ہے۔

(د) پنجاب کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ کمپنی کو مالی سال 24-2023 میں کل آمدن 7,254.629 ملین روپے اور آپریشنل اور ایڈمنسٹریٹو اخراجات کی مد میں 1,011.348 ملین روپے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ترقیاتی اخراجات زمین خریداری کی صورت میں 593,905,500 روپے گورنمنٹ آف پنجاب کو ادا کیے گئے ہیں جس کی تفصیل تتمہ ' الف' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## کیٹل مارکیٹ اتھارٹی کے قیام اور انکی تعداد سے متعلق تفصیلات

*586: راؤ کاشف رحیم خاں: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیٹل مارکیٹ اتھارٹی کب قائم کی گئی اور اس کا ہیڈ آفس کہاں واقع ہے اس کا چیف ایگزیکٹو کون ہے اور اس عہدہ پر کب سے تعینات ہے؟

(ب) پنجاب میں کل کتنی کیٹل منڈیاں کہاں کہاں کام کر رہی ہیں۔

(ج) کیا یہ درست ہے کہ ان منڈیوں سے اوور چارجنگ اور مقرر کردہ سہولیات فراہم نہ کرنے کی شکایات موصول ہو رہی ہیں۔

(د) کیٹل مارکیٹ اتھارٹی کے ملازمین کی کل تعداد کتنی ہے اور یہ کہاں کہاں تعینات ہیں۔

(تاریخ وصولی 29 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 30 مئی 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) اس ضمن میں عرض ہے کہ پنجاب کیٹل مارکیٹ م مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ کمپنی 2014 میں قائم ہونے والی 9 عدد ڈویژنل کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ کمپنیوں کو ضم کر کے 15 اپریل 2021 کو قائم کی گئی۔ کمپنی کا ہیڈ آفس 94۔ بابر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن لاہور میں واقع ہے۔ کمپنی کے موجودہ چیف ایگزیکٹیو

آفیسر تاثیر احمد (پی ایم ایس) ایکس-پی سی ایس) / بی ایس-19) ہیں۔ جو 10 جولائی 2023 سے اس عہدے پر تعینات ہیں۔

(ب) پنجاب بھر میں اس وقت کل 115 مویشی منڈیاں اس کمپنی کے زیرِ انتظام ہیں۔ تفصیلات تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) شکایات کا ایک مربوط نظام قائم ہے جس میں 1233 ہیلپ لائن ہے جو PITB کنٹرول کرتی ہے۔ اور واٹس ایپ نمبر 1233000-0323 پر قائم شکایات پورٹل ہے جس پر شکایات چیف ایگزیکٹو آفیسر اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو براہ راست موصول ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ موقع پر ہر مویشی منڈی میں شکایات سیل قائم ہیں۔ 115 مویشی منڈیوں سے روزانہ اوسطاً 5-3 شکایات موصول ہوتی ہیں جو کہ بالعموم اوور چارجنگ سے متعلق ہوتی ہیں ان میں سے اکثر شکایات فیس کے شیڈول سے ناواقفیت کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ جب شکایت کنندگان کو فیس شیڈول ریٹ سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ تو وہ اطمینان کا اظہار کرتے ہیں۔ شکایت درست ہونے کی صورت میں اس کا فوری سدِباب بشمول منڈی کے کنٹریکٹر کو جرمانہ کیا جاتا ہے۔ مویشی منڈیوں میں اوور چارجنگ کرنے والے ٹھیکہ داران کو عید الاضحیٰ کے تین دن کے دوران -/90,000 روپے کا جرمانہ کیا جا چکا ہے جس میں 50,000 روپے مویشی منڈی نمو آنہ، فیصل آباد، 25,000 روپے مویشی منڈی چکوال -/10,000 روپے مویشی منڈی شاہ پور کانجراں، لاہور اور -/5000 روپے مویشی منڈی شیخوپورہ کے ٹھیکہ داران کو کیا گیا جرمانہ شامل ہے جس کی تفصیل تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ کمپنی کے ملازمین کی کل تعداد 550 ہے۔ ان کی تعیناتی کی تفصیل تتمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

**فیصل آباد: صاف ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت تجاوزات کو ختم کرنے سے متعلق تفصیلات**

*603: جناب آفتاب احمد خاں: کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)وزیر اعلیٰ پنجاب کے پروگرام صاف ستھرا پنجاب کے تحت ضلع فیصل آباد کے لیے کتنی رقم مختص کی گئی ہے اس کا(Modus Operandi(M.o بتایاجائے؟

(ب)صاف ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت حکومت کیا ضلع فیصل آباد میں تجاوزات مافیا کی جانب سے کی گئی تجاوزات کو ختم کروانے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(ج)اگر جز"ب"کا جواب اثبات میں ہے تو یہ بتایا جائے کہ خاص طور پر چوک گھنٹہ گھر سے ملحقہ آٹھوں بازاروں اوراندرون مارکیٹوں، ستیانہ روڈمارکیٹ، سمن آباد، غلام محمد آباد، رضا آباد جڑانوالہ روڈ، جلوی مارکیٹ، وارث پورہ، منصورآباد، اورڈگری گراؤنڈ سے کب تک تجاوزات کا خاتمہ کروانے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(د)ٹریفک پولیس، ضلع انتظامیہ، مونسپل کارپوریشن اور دیگر اداروں کے اہلکاراورافسران جو بے ہنگم پارکنگ اسٹینڈز، شاپنگ سنٹرز، بازاروں اورمارکیٹوں میں تجاوزات مافیا کی معاونت کررہے ہیں ان کی تفصیل فراہم کی جائے اوران کے خلاف قانون کے مطابق کیا کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(تاریخ وصولی30اپریل2024 تاریخ ترسیل05جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) میونسپل کارپوریشن فیصل آباد کیطرف سے وزیر اعلیٰ پنجاب کے پروگرام ستھرا پنجاب کیلئے علیحدہ سے کوئی رقم مختص نہ کی گئی ہے۔

(ب) میونسپل کارپوریشن فیصل آباد ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر بھر میں بلا تفریق ہر طرح کی انکروچمنٹ (عارضی وپختہ) کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائی کر رہی ہے۔

(ج) فیصل آباد سٹی میں میونسپل کارپوریشن فیصل آباد بلا تفریق تجاوزات کے خاتمہ کیلئے کاروائی کر رہی ہے اور مورخہ 2024/03/01 تا 202410/06/10 تک تجاوز کنندگان کے خلاف کی گئی کارروائی کی تفصیل (تصاویر تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں)۔

| ختم کی گئی عارضی انکروچمنٹ کی تعداد | ختم کی گئی پختہ انکروچمنٹ کی تعداد | انکروچز کو کیا گیا جرمانہ |
|---|---|---|
| 2537 | 2420 | 982400 |

(د) میونسپل کارپوریشن فیصل آباد کے عملہ مسٹر افتخار احمد، محمد جاوید، محمد جاوید سندھو کے خلاف شکایات موصول ہوئیں جو کہ زیر کارروائی ہیں۔ الزامات ثابت ہونے کی صورت میں اہلکاران کے خلاف پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت باضابطہ کارروائی کی جائیگی۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

## راجن پور: پی پی 296 میں سال 2023 سے اب تک ترقیاتی کاموں سے متعلق تفصیلات

*613: سردار محمد اویس دریشک: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) راجن پور حلقہ پی پی 296 میں سال 2023 میں اب تک سڑکوں نالیوں، پلوں اور سولنگ کی مد میں کتنے اور کہاں کہاں ترقیاتی کام کئے گئے اور ان پر کتنی لاگت آئی تمام تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) درج بالا ترقیاتی کاموں کے لیے کتنے فنڈز مختص کئے گئے اور کتنے خرچ ہوئے تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 30 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 05 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) راجن پور حلقہ پی پی 296 میں سال 2023 میں نالیوں، پلوں اور سولنگ کی مد میں کوئی کام نہیں ہوا البتہ بحالی و مرمتی روڈ کی مد میں یونین کونسل مرغائی اور یونین کونسل بیٹ سونترہ میں (Maintenance & Repair) کے کام کرائے گئے جن پر مبلغ -/185,589,621 روپے لاگت آئی ہے جبکہ راجن پور حلقہ پی پی 296 میں سال 2023 میں ایگزیکٹو انجینئر آفس لوکل گورنمنٹ سول سب ڈویژن راجن پور کو نہ کوئی فنڈز دیے گئے اور نہ ہی سڑکوں۔ نالیوں۔ پلوں اور سولنگ کی مد میں کوئی کام ہوا۔

(ب) متذکرہ بالا (M&R) سکیمز کے لیے مبلغ -/210,000,000 روپے مختص کیے گئے اور مبلغ -/185,589,621 روپے خرچ ہو چکے ہیں جبکہ راجن پور حلقہ پی پی 296 میں سال 2023 میں ایگزیکٹو انجینئر آفس لوکل گورنمنٹ سول سب ڈویژن راجن پور میں اب تک کوئی رقم خرچ نہیں کی گئی۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

لاہور: لبرٹی مارکیٹ پارکنگ کے رقبہ سے متعلق تفصیلات

*648: محترمہ عظمیٰ کاردار: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) لبرٹی مارکیٹ پارکنگ ایریا کتنے رقبہ پر مشتمل ہے اس میں کتنی گاڑیاں اور موٹر سائیکل پارکس کرنے کی سہولت ہے؟

(ب) اس پارکنگ ایریا کا ٹھیکہ کس کے پاس ہے اور اس سے ماہانہ اور سالانہ کتنی رقم LDA یا دیگر ادارہ وصول کر رہا ہے۔

(ج) اس پارکنگ ایریا میں فی گاڑی اور موٹر سائیکل سے کتنی رقم وصول کی جاتی ہے کیا پارکنگ فیس گھنٹوں کے حساب سے لی جاتی ہے یا 12 گھنٹے 24 گھنٹے کے حساب سے وصول کی جاتی ہے۔

(د) اس میں کوئی سرکاری ملازمین بھی فرائض سرانجام دیتے ہیں تو ان کے نام، عہدہ جات مع گریڈ بتائیں۔

(ہ)اس پارکنگ ایریا سے سال 2022 اور 2023 میں کتنی موٹر سائیکل اور کار / گاڑیوں کی چوری ہوتی ہے ان کی مکمل تفصیل گاڑی موٹر سائیکل وائز مع نمبر دی جائے۔

(تاریخ وصولی 2 مئی 2024 تاریخ ترسیل 5 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) لبرٹی مارکیٹ پارکنگ ایریا تقریباً 40 سے 45 کنال رقبہ پر مشتمل ہے۔ اس میں 700 گاڑیاں اور 350 موٹر سائیکلز پارک کرنے کی جگہ موجود ہے۔

(ب) یہ پارکنگ ایریا لاہور پارکنگ کمپنی کا منظور شدہ پارکنگ سٹینڈ ہے اور اس سے ماہانہ اوسطاً 17 لاکھ اور سالانہ تقریباً 2 کروڑ روپے آمدن حاصل ہوتی ہے جس میں سے آپریشنل اخراجات نکالنے کے بعد 75 فیصد بلدیہ عظمیٰ لاہور کو دیا جاتا ہے۔ لاہور پارکنگ کمپنی اس سائٹ پر سیلف کولیکشن کر رہی ہے۔

(ج) اس پارکنگ ایریا میں گیزٹ پارکنگ ریٹس کے مطابق پارکنگ فیس لی جا رہی ہے جو کہ گاڑی کا 30 روپے اور بائیک کا 10 روپے فی چکر 24 گھنٹے کے حساب سے وصول کی جاتی ہے۔

(د) یہ پارکنگ ایریا بلدیہ عظمیٰ لاہور سے منظور شدہ ہے اور اس میں لاہور پارکنگ کمپنی کے ہی ملازم ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں جو کہ سرکاری ملازم نہیں ہیں۔

(ہ) ایسی کوئی بھی چیز ریکارڈ میں موجود نہیں ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 22 13 نومبر 2024)

سیالکوٹ: بھوپالوالہ میں سڑکیں اور گلیوں کی تعمیر ناقص تعمیر ہونے سے متعلق تفصیلات

*709: محترمہ نیلم جبار چوہدری: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سابقہ دور میں ضلع سیالکوٹ، تحصیل ڈسکہ کے گاؤں بھوپالوالہ میں تعمیر ہونے والی سڑکیں اور گلیاں ایک ماہ میں ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گئی تھیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ناقص کام کے باوجود ٹھیکیداروں کو ادائیگیاں کر دی گئی تھیں۔

(ج) اگر درج بالا سوالات کے جوابات اثبات میں ہیں تو کیا محکمہ حکومتی خزانے کو نقصان پہنچانے پر ذمہ داران کے خلاف اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتا ہے اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو وجوہات سے آگاہ فرمایا جائے۔

(تاریخ (تاریخ وصولی 07 مئی 2024 تاریخ ترسیل 13 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) یہ بات درست نہ ہے کہ گاؤں بھوپالوالہ میں ضلع کونسل کی طرف سے تعمیر ہونے والی سڑکیں اور گلیاں ایک ماہ میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گئی تھیں۔

(ب) یہ بھی درست نہ ہے کہ ناقص کام ہونے کے باوجود ٹھیکیداروں کو ادائیگیاں کی گئی تھیں۔

(ج) اگرچہ درج بالا سوالات کے جوابات اثبات میں نہ ہیں لیکن پھر بھی اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر DD(Dev.)/SKT/343 مورخہ 24.07.2024 کو تین رکنی کمیٹی تشکیل دی تھی (کاپی تتمہ الف ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔ جس کی رپورٹ کے مطابق مذکورہ بالا تمام ترقیاتی کام مکمل طور پر بحال ہیں اور اچھی حالت میں موجود ہیں۔ تفصیل (تتمہ ب ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(تاریخ وصولی جواب 05 ستمبر 2024)

قصور: چونیاں میں روہی نالہ کی صفائی ستھرائی سے متعلق تفصیلات

*811: جناب حنبل ثناء کریمی: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) چونیاں شہر کے اندر سے جو روہی نالہ گزرتا ہے اس کو آخری دفعہ کب صاف کیا گیا تھا؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ متذکرہ بالا نالہ گندگی سے بھرا پڑا ہے اور برسات کے موسم میں عوام کے لیے پریشانی کا سبب بن جاتا ہے۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ یہ روہی نالہ صفائی نہ ہونے کی وجہ سے آلودگی کا باعث بن رہا ہے۔

(د) کیا حکومت اس روہی نالہ کی صفائی کا ارادہ رکھتی ہے اگر جواب ہاں میں ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 14 مئی 2024 تاریخ ترسیل 26 جون 2024 )

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) رُوہی نالہ پر تعمیر شدہ پلوں کے درّوں کی جزوی صفائی آخری دفعہ ماہ جولائی 2024ء میں کروائی گئی تھی۔ فی الوقت پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ نہ ہے۔

(ب) رُوہی نالہ کی حالیہ صفائی کے بعد عوام کی پریشانی پہلے سے کافی کم ہو گئی ہے۔

(ج) رُوہی نالہ کی صفائی کے باعث صورتحال کافی بہتر ہے۔

(د) رُوہی نالہ کی مکمل صفائی بذریعہ ہیوی مشینری / ایکسی ویٹر ممکن ہے۔ جس کیلئے کثیر سرمایہ درکار ہے۔ صفائی کیلئے جناب اسسٹنٹ کمشنر صاحب چونیاں / ایڈمنسٹریٹر نے بذریعہ چٹھی نمبری 643 مورخہ 25.6.2024 جناب ایکسئین پبلک ہیلتھ اینڈ انجنیئرنگ ڈیپارٹمنٹ کو تحریر کیا ہے۔ ابھی تک مکمل صفائی نہ ہوئی ہے۔ بدیں وجہ ایکسئین پبلک ہیلتھ اینڈ انجنیئرنگ ڈیپارٹمنٹ قصور کو بذریعہ چھٹی نمبری 169 مورخہ 30.09.2024 یاددہانی کیلئے دوبارہ تحریر کیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)

## قصور: میونسپل کمیٹی چونیاں میں بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی سے واٹر سپلائی متاثر ہونے سے متعلق تفصیلات

*813: جناب حنبل ثناء کریمی: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع قصور میونسپل کمیٹی چونیاں کی جانب سے بجلی کے بل کی عدم ادائیگیوں کی وجہ سے شہر میں پینے کے پانی فراہم کرنے والی موٹریں بند پڑی ہیں؟

(ب) میونسپل کمیٹی چونیاں کو بجلی کے بلوں کی مد میں سالانہ کتنا فنڈ جاری ہوتا ہے۔

(ج) کیا یہ درست ہے کہ چونیاں شہر میں سرکاری پانی کی سپلائی نہ ہونے سے شہری بڑی مشکلات کا شکار ہیں۔

(د) حکومت کب تک دوبارہ واٹر سپلائی لائن بحال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل سے بتائیں۔

(تاریخ وصولی 14 مئی 2024 تاریخ ترسیل 26 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) یہ درست نہ ہے کیوں کہ میونسپل کمیٹی چونیاں کی طرف سے فوری بلوں کی ادائیگی کر دی گئی ہے اور شہر میں پانی کی سپلائی بحال ہیں۔

(ب) میونسپل کمیٹی چونیاں کو بجلی کے بلوں کی مد میں کوئی اضافی گرانٹ جاری نہ ہوئی ہے۔ بلوں کی ادائیگی ماہانہ موصول ہونے والے PFC شیئر اور صارفین سے موصول ہونیوالے بلوں کی آمدن سے واپڈا کو ادائیگی کی جاتی ہے۔

(ج) یہ درست نہ ہے بلکہ سرکاری پانی بحال ہے اور عوام الناس اس سے مستفید ہو رہے ہیں۔

(د) یہ درست نہ ہے بلکہ واٹر سپلائی بحال ہے اور لوگوں کو پانی کی سپلائی دی جارہی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)

---

چنیوٹ: میونسپل کارپوریشن میں خاکروب کی تعداد اور صفائی کی مد میں گاڑیوں و مشینری سے متعلق تفصیلات

*829: جناب محمد الیاس: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تحصیل چنیوٹ میں گزشتہ پانچ سالوں میں نالی سولنگ اور گلیوں کی مرمت کا کام نہیں ہوا، سوئی گیس اور دیگر سروسز کی وجہ سے جگہ جگہ کھڈے پڑے ہوئے ہیں اور گلیاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں؟

(ب) اس وقت میونسپل کارپوریشن چنیوٹ کی کل آبادی کتنی ہے کتنے نفوس پر ایک خاکروب رکھا جاتا ہے کیا خاکروبوں کی تعداد مطلوبہ تعداد کے مطابق پوری ہے اور بھرتی کا عمل کب سے رکا ہوا ہے۔

(ج) میونسپل کارپوریشن چنیوٹ کے پاس افسران کے استعمال اور صفائی کے لیے کتنی گاڑیاں، ٹریکٹر ٹرالی، ٹرک، لوڈر رکشے اور ہتھ ریڑھیاں ہیں گاڑیوں کے نمبر اور ماڈلز کیا کیا ہیں ٹریکٹر ٹرالی اور دیگر مشینری چلانے والے ڈرائیوروں کے نام اور کون کون سے لائسنس ہیں۔

(د) کیا موجودہ مشینری کچرا اٹھانے اور گندا پانی نکالنے کے لیے کافی ہے اس وقت میونسپل کارپوریشن چنیوٹ میں ترقیاتی بجٹ کتنا پڑا ہوا ہے اور اس کے استعمال کی نوبت کب آئے گی اور اگر خاکروبوں کی تعداد پوری نہیں ہے تو کب تک نئی بھرتی کر لی جائے گی۔

(تاریخ وصولی 14 مئی 2024 تاریخ ترسیل 26 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) یہ درست ہے کہ سال 2018 تا 2023 تک میونسپل کمیٹی چنیوٹ نے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں نالی سولنگ اور گلیوں کی مرمت کی کوئی سکیم نہ لگائی گئی ہے البتہ ایمرجنسی بنیادوں پر جس میں ٹف ٹائل شادی ملنگ تا میدان ترکھاناں اور چوک شہید تا چوک کمانگراں محرم روٹ کی درستگی کے لئے لگائی گئی۔
اس کے علاوہ محلہ دل خوشاب میں نکاسی آب کا مسئلہ تھا جس کو حل کرنے کے لئے نالہ کی تعمیر کی گئی۔

علاوہ ازیں شہر کے اندر ٹوٹے ہوئے اور بغیر ڈھکن کے مین ہولز کی مرمت کا کام کروایا گیا ہے جبکہ سیوریج اور نالیوں کے لئے کوئی سکیم نہ لگائی گئی ہے۔

اندرون شہر میں سڑکات پر ٹف ٹائل کا کام NA-100 MNA کی گرانٹ Pak PWD سے سال 22-2021 میں مکمل کروایا گیا۔

شہر کے مختلف علاقوں میں PTCL اور سوئی گیس لائنوں کی بحالی و تبدیلی کی restoration محلہ گڑھا، کچہری روڈ، عالمگیر بمطابق وصول شدہ restoration amount منجانب سوئی گیس و PTCL میونسپل کمیٹی چنیوٹ نے کروادی ہے باقی ماندہ کھڈے وغیرہ کی restoration محکمہ سوئی گیس خود کروارہا ہے۔

(ب) i۔ مردم شماری برائے سال 2023 کے مطابق میونسپل کمیٹی چنیوٹ کی آبادی تقریباً 318165 افراد پر مشتمل ہے اور تقریباً 1000 افراد پر ایک خاکروب لگایا جاتا ہے۔

ii۔ میونسپل کمیٹی چنیوٹ میں اس وقت خاکروبوں کی کل تعداد: 211 (جس میں 194 ورک چارج 89 یوم) (مستقل 4) (کنٹریکٹ 7) (معذور کوٹہ 6)

iii۔ میونسپل کمیٹی چنیوٹ میں خاکروبوں کی تعداد مطلوبہ تعداد کے مطابق پوری نہ ہے جبکہ سال 2022 میں گورنمنٹ آف پنجاب کی طرف سے میونسپل کمیٹی چنیوٹ کو درجہ چہارم کی 20 آسامیوں پر بھرتی کرنے کے احکامات ملے جس کے تحت 19 افراد بھرتی کئے گئے جن میں 7 سینٹری ورکر بھی بھرتی کئے گئے سال 2022 کے بعد سے باقی ماندہ سینٹری ورکرز کی خالی اسامیوں پر بھرتی کا عمل نہ ہوا ہے۔

(ج) میونسپل کمیٹی چنیوٹ میں افسران کے استعمال کے لئے گاڑیوں کی تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے پاس مشینری کی تفصیل تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

میونسپل آفیسر (سروسز) / سینٹیشن برانچ میں ڈرائیورز کی کل 15 اسامیاں ہیں جن میں سے 4 اسامیوں پر تعیناتی ہے جن کی تفصیل تتمہ (ج) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)i۔ میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے پاس کچرا اٹھانے اور گندا پانی نکالنے کے لئے موجودہ مشینری شہر کی بڑھتی ہوئی آبادی کے تناسب کے لحاظ سے ناکافی ہے۔

ii۔ میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے بجٹ برائے سال 25-2024 میں ترقیاتی بجٹ 1.50 کروڑ روپے مختص کیا گیا ہے۔

iii۔ سینٹری ورکرز کی خالی آسامیوں پر بھرتی گورنمنٹ کی آمدہ ہدایات کے مطابق عمل میں لائی جائے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)

راولپنڈی: میونسپل کارپوریشن میں صفائی و ستھرائی کے لیے گاڑیوں کی تعداد اور اخراجات سے متعلق تفصیلات

*853: جناب اسد عباس: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) راولپنڈی میونسپل کارپوریشن کے پاس صفائی اور دیگر مقاصد کے لئے کون کون سی گاڑیاں ہیں؟

(ب) یہ کب کی خرید کردہ ہیں کتنی ناکارہ اور کتنی چالو حالت میں ہیں۔

(ج) ان کے سالانہ اخراجات کی تفصیل دی جائے۔

(د) اس شہر میں صفائی ستھرائی کا کیا نظام ہے۔

(تاریخ وصولی 16 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) میونسپل کارپوریشن راولپنڈی کی حدود میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی صفائی کا نظام دیکھتی ہے اور راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے پاس صفائی اور دیگر مقاصد کے لیے موجود گاڑیوں کی تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے پاس صفائی کے نظام کے لیے ناکارہ اور چالو حالت میں موجود گاڑیوں کی تفصیل تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے پاس صفائی کے نظام کے لیے موجود گاڑیوں کے اخراجات کی تفصیل تتمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)راولپنڈی شہر میں صفائی کے نظام کو بہتر کرنے کے لئے راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی بنائی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)

راولپنڈی میونسپل کارپوریشن میں صفائی کے نظام اور ملازمین کی تعداد سے متعلق تفصیلات

*854: جناب اسد عباس: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)راولپنڈی میونسپل کارپوریشن میں صفائی کا نظام کس طرح چلایا جارہا ہے؟

(ب)اس مقصد کے لئے کتنے ملازمین تعینات ہیں ان کی تفصیل عہدہ و گریڈ کے متعلق آگاہ فرمائیں۔

(ج)پی پی 18 میں کتنے ملازمین یوسی وائز کام کر رہے ہیں کون کون سی مشینری ہے۔

(د) کیا اس حلقہ میں صفائی کا نظام ٹھیک ہے۔

(تاریخ وصولی 16 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف)راولپنڈی میونسپل کارپوریشن میں صفائی کا نظام راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ذمہ ہے اور تمام تر صفائی کی تصاویر تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ملازمین بمع عہدہ و گریڈ کی تفصیل تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)صفائی کی مناسبت سے حلقہ پی پی 18 میں یوسی وائز کام کرنے والے ملازمین بمع مشینری کی تفصیل تتمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) جی ہاں یہ بات درست ہے کہ مذکورہ حلقہ میں صفائی کا نظام بہترین ہے اور کوئی شکائت موصول نہ ہوئی ہے۔ شکایت کی صورت میں فوری طور پر ایکشن لیا جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)

لیہ میونسپل کمیٹی میں گاڑیوں کی تعداد اور پٹرول اور ڈیزل کی مد میں خرچ سے متعلق تفصیلات

*865: جناب اُسامہ اصغر علی گجر: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) میونسپل کمیٹی لیہ شہر کے پاس کل کتنی گاڑیاں اور ٹریکٹر ہیں؟

(ب) ان گاڑیوں اور ٹریکٹرز کے پٹرول اور ڈیزل کی مد میں یکم اپریل 2023 تا 30 اپریل 2024 تک کتنا خرچہ ہوا ہے تفصیل سے بیان فرمائیں۔

(ج) یکم اپریل 2023 سے 30 اپریل 2024 تک میونسپل کمیٹی لیہ شہر میں کتنے ملازمین ڈیلی ویجز پر رکھے گئے ہیں اور ان کے نام مع ولدیت بتائیں۔

(تاریخ وصولی 16 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) میونسپل کمیٹی لیہ شہر کے پاس موجود گاڑیوں اور ٹریکٹروں کی تعداد درج ذیل ہے:۔

1۔ ٹریکٹرز 12 عدد، 2۔ جیٹنگ مشین 1 عدد، 3۔ سکر مشین 1 عدد،

4۔ آٹو لوڈر رکشہ 20 عدد، 5۔ سوزوکی پک اپ 1 عدد، 6۔ کلٹس کار 1 عدد

(ب) مذکورہ بالہ گاڑیوں اور ٹریکٹروں کے پیٹرول اور ڈیزل کی مد میں یکم اپریل 2023 تا 30 اپریل 2024 تک کئے گئے خرچ کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

1۔ اپریل 2023 -/1057474 2۔ مئی 2023 -/1140096

| | |
|---|---|
| 3۔ جون 2023 -/1577577 | 4۔ جولائی 2023 -/1925944 |
| 5۔ اگست 2023 -/733799 | 6۔ ستمبر 2023 -/1112368 |
| 7۔ اکتوبر 2023 -/1286357 | 8۔ نومبر 2023 -/964884 |
| 9۔ دسمبر 2023 -/976211 | 10۔ جنوری 2024 -/1286877 |
| 11۔ فروری 2024 -/1397465 | 12۔ مارچ 2024 -/1893082 |
| 13۔ اپریل 2024 -/1614674۔ | کل میزان۔ -/16966808 |

(ج) عرصہ سال 2023 تاحال میونسپل کمیٹی لیہ میں کوئی ڈیلی ویجز ملازم بھرتی نہ کیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 22 اگست 2024)

## رحیم یار خان کوٹ حق نواز خان کی آبادی اور سیوریج کے نظام سے متعلق تفصیلات

*882: جناب ممتاز علی: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ کوٹ حق نواز خان ضلع رحیم یار خان کی آبادی 200 گھروں سے زائد پر مشتمل ہے اور کوٹ حق نواز خان ایک قدیم قصبہ ہے۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ علاقے میں بارشوں کے موسم میں سیوریج کا گندا پانی گلی میں اکثر جمع رہتا ہے جس کی وجہ سے آئے روز مختلف بیماریاں علاقے میں پیدا ہو رہی ہیں۔

(ج) اگر جزہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ علاقے میں سیوریج کا بندوبست کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک نہیں تو وجوہات سے آگاہ کیا جائے۔

(تاریخ وصولی 27 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) جی ہاں کوٹ حق نواز خان ضلع رحیم یار خان کی آبادی تقریباً 200 گھروں پر مشتمل ہے اور کوٹ حق نواز خان ایک قدیم قصبہ ہے۔

(ب) جی ہاں یہ بات جزوی طور پر درست ہے کیونکہ کوٹ حق نواز خان ضلع رحیم یار خان میں سیوریج کا مسئلہ دیرینہ ہے۔ البتہ بارش کا پانی کھڑا ہونے پر صفائی کروادی جاتی ہے۔ مزید کسی قسم کی بیماری پھیلنے کی اطلاع موصول نہ ہوئی ہے۔

(ج) جی ہاں حکومت پنجاب سیوریج لائن بچھانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ جس کا تخمینہ مبلغ 1,75,00,000 /- روپے مرتب کر دیا گیا ہے Estimate کی کاپی تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ فنڈز کی فراہمی پر مذکورہ سکیم کی تعمیر کا کام مکمل کر دیا جائے گا۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)</u>

بہاولپور: اوچ شریف میں اڈہ کے سامنے دکانوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

*890: سید عامر علی شاہ: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع بہاولپور اوچ شریف میں بس اڈہ کے سامنے کتنی دکانیں ہیں اور یہ کب تعمیر کی گئیں؟

(ب) یہ دکانیں کتنے کرائے پر اور کن کن لوگوں کو کرایہ پر دی گئی ہیں۔

(ج) کرایہ پر دینے کا کیا طریق کار ہے۔

(تاریخ وصولی 27 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) ضلع بہاولپور اوچ شریف میونسپل کمیٹی کی حدود میں بس اڈہ کے سامنے کُل 24 دکانیں ہیں جن کی تعمیر 27.01.2005 میں ہوئی تھیں۔

(ب) مذکورہ 24 دوکانوں کے کرایہ داروں کے نام بمعہ کرایہ کی تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے

(ج) رول نمبر 09 پنجاب لوکل گورنمنٹ (پراپرٹی) رولز، 2003 کے مطابق مذکورہ دکانات اوپن اکشن کے تحت کرایہ داری پر الاٹ کی گئی تھیں تفصیل (تتمہ 'ب') ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ مابعد پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022 کے سیکشن 94 کے تحت اختیارات رینٹ اسسمنٹ کمیٹی کو تفویض کئے گئے جو مارکیٹ ریٹس کے مطابق کرایہ کی اسسمنٹ کریگی اور موجودہ کرایہ داران اگر اس سے متفق ہونگے تو جدید معاہدہ نامہ کر لیا جائے گا نہیں تو نیلام عام میں مشتہر کر دیا جائے گا۔ تفصیل (تتمہ 'ج') ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے

(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)

بہاولپور: اوچ شریف میں بس اڈا کے فنکشنل ہونے اور سڑکوں کی ٹوٹ پھوٹ سے متعلق تفصیلات

*891: سید عامر علی شاہ: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع بہاولپور اوچ شریف میں بس اڈہ کب تعمیر ہوا؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ یہ بس اڈہ فنکشنل نہ ہے اور اطراف کی سڑکیں بھی ٹوٹ پھوٹ گئی ہیں۔

(ج) کیا محکمہ اس کو دوبارہ سے تعمیر کر کے فنکشنل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں۔

(تاریخ وصولی 27 مئی 2024 تاریخ ترسیل 27 جون 2024)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف)میونسپل کمیٹی اوچ شریف میں موجود بس اڈہ 1977 میں تعمیر ہوا تھا۔

(ب)جی نہیں یہ بات درست نہ ہے جب کہ بس اڈہ مکمل فنکشنل ہے جس میں مسجد، زنانہ و مردانہ وٹینگ ایریا موجود ہیں۔ اس کے علاوہ شیڈ بھی موجود ہے۔ بس اڈہ کے سامنے سڑک موجود ہے جو کہ ون وے ہے اور اچھی حالت میں ہے۔ اس اڈہ سے بسیں روزانہ کی بنیاد پر راولپنڈی، اسلام آباد اور سیالکوٹ وغیرہ کے لیے روانہ ہوتی ہیں۔

(ج)اڈہ فنکشنل ہے بہتر حالت میں ہے اور -/ 9,20,000 میں سالانہ ٹھیکے پر دیا گیا ہے۔ مالی سال 2024-25 کے لئے محکمہ میں کوئی ایسی سکیم نہ ہے لیکن مستقبل میں حکومت اپنی ترجیحات کے تحت اس پر غور کر سکتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 نومبر 2024)

لاہور | چوہدری عامر حبیب
مورخہ 16 جنوری 2025 | سیکرٹری جنرل

بروز جمعتہ المبارک 17 جنوری 2025 کو محکمہ لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے سوالات و جوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | محترمہ راحیلہ خادم حسین | 451-277-283 |
| 2 | چوہدری جاوید احمد | 46 |
| 3 | جناب احمر بھٹی | 334 |
| 4 | محترمہ آشفہ ریاض | 353 |
| 5 | جناب سجاد احمد | 359-358 |
| 6 | جناب شعیب امیر | 500-374 |
| 7 | جناب عمران اکرم | 375 |
| 8 | جناب امجد علی جاوید | 578-389 |
| 9 | جناب آفتاب احمد خاں | 603-463 |
| 10 | سردار محمد اویس دریشک | 613-468 |
| 11 | محترمہ حناء پرویز بٹ | 515 |
| 12 | محترمہ عظمیٰ کاردار | 648-568 |
| 13 | راؤ کاشف رحیم خاں | 586 |

| | | |
|---|---|---|
| 14 | محترمہ نیلم جبار چوہدری | 709 |
| 15 | جناب حنبل ثناء کریمی | 813-811 |
| 16 | جناب محمد الیاس | 829 |
| 17 | جناب اسد عباس | 854-853 |
| 18 | جناب اُسامہ اصغر علی گجر | 865 |
| 19 | جناب ممتاز علی | 882 |
| 20 | سید عامر علی شاہ | 891-890 |

**20واں اجلاس**

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## توجہ دلاؤ نوٹسز (Call Attention Notices)

## بروز سوموار مورخہ 20 جنوری 2025

### فیصل آباد: تھانہ سٹی تاندلیانوالہ میں 7 سالہ شہریار نامی بچے سے بدفعلی سے متعلق تفصیلات

**197: محترمہ قدسیہ بتول:** کیا وزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گی کہ: ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مورخہ 27 دسمبر 2024 کو تھانہ سٹی تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد کے علاقہ چک نمبر 393 گ ب میں بوقت 3 بجے دوپہر 7 سالہ شہریار ولد غلام مصطفیٰ جو اپنے گھر کے باہر کھیل رہا تھا جس کو غازی عباس ولد ظہور جو عرصہ دراز سے منشیات کا کاروبار کر رہا ہے اس نے بچے کو اغواء کیا اور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول میں لے جا کر بدفعلی کا نشانہ بنایا اور موقع سے فرار ہو گیا۔ جس کو اہل محلہ نے پکڑ لیا۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ بچے کے والد نے 15 پر کال کی مگر پولیس 2 گھنٹے کی تاخیر سے آئی۔ اور ملزم کو ساتھ لے گئی لیکن تاحال اس واقعہ کی ایف آئی آر درج نہ ہوئی ہے۔

(ج) کیا حکومت اس واقعہ کا مقدمہ درج کروانے اور اس واقعہ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک اس واقعہ کی مکمل تفتیش سے آگاہ فرمائیں۔

### گوجرانوالہ تھانہ صدر کے علاقہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مسیحی خاتون کے قتل سے متعلق تفصیلات

**203: جناب فیلبوس کرسٹوفر:** کیا وزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گی کہ: ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ذرائع ابلاغ کی خبر کے مطابق مورخہ 6 جنوری 2025 کو تھانہ صدر گوجرانوالہ کے علاقہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے مسیحی خاتون کو قتل اوراسکی بیٹی کو شدید زخمی کر دیا۔

(ب) مذکورہ واقعہ کی ایف آئی آر کس تھانہ میں درج ہوئی ایف آئی آر کی کاپی فراہم کی جائے اور پولیس نے ملزمان کو گرفتار کرنے کے لیے آج تک جو کارروائی کی ہے اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

لاہور

مورخہ 18 جنوری 2025

چودھری عامر حبیب

سیکرٹری جنرل